BOOL

## مقبول ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ

# اطلاع برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ مقبول ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ کے ممبران کا غیر معمولی اجلاسِ عام 31 مارچ 2018ء کو بوقت 11:00 بجے صبح کمپنی کے ہیڈ آفس بمقام 2۔انڈسٹریل اسٹیٹ ملتان پاکستان میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

**عمومی کاروبار**

1۔28 اکتوبر 2017ء کو منعقدہ 27 ویں سالانہ اجلاسِ عام کی قراردادوں کی توثیق۔

2 کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 159 کے تحت، 27 مارچ 2018 سے شروع ہونے والے 3 سالہ دور کے لیے بورڈ کی طرف سے کمپنی کے 8 ڈائریکٹرز کا انتخاب۔ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹر یہ ہیں:

i) جناب میاں تنویر احمد شیخ

ii) جناب میاں انیس احمد شیخ

iii) جناب میاں ادریس احمد شیخ

iv) جناب میاں عزیز احمد شیخ

v) جناب میاں عطاء شفیع تنویر شیخ

vi) جناب میجر (ر) جاوید مسرت

vii) جناب سید رضا عباس جعفری

3۔کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور دو ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کے ماہانہ مشاہرہ کی منظوری۔

4۔چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور پر غور۔

ملتان: مورخہ 9 مارچ 2018

بحکم بورڈ آف ڈائریکٹرز

ایم احسان اللہ خان

کمپنی سیکرٹری

**نوٹس:۔**

1۔ شیئرز ٹرانسفر بکس 24-03-2018 تا 31-03-2018 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔

2۔ شیئرز جو کہ مورخہ 23 مارچ 2018ء کو کاروبار بند ہونے سے پہلے کمپنی کے شیئر رجسٹرار دفتر میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ ایچ۔ایم ہاؤس 7۔بنک اسکوائر لاہور پہنچ جائیں گے ٹرانسفر کے لئے شمار ہوں گے۔

3۔ ایک ممبر اپنی جگہ پر ووٹ دینے اور شرکت کرنے کیلئے کسی دوسرے ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ **پراکسی کیلئے ممبر ہونا لازمی ہے۔** پراکسی کے موثر ہونے کے لئے ضروری ہے کہ مبلغ -/5 روپے کی ریونیو سٹیمپ لگا ہوا دستخط شدہ اور دو اشخاص سے تصدیق شدہ پراکسی فارم اجلاس کے آغاز سے 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں پہنچ جائے۔

4۔ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا استحقاق رکھنے والے انفرادی سی ڈی سی ہولڈر کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنی شناخت کے لئے اپنے ہمراہ CNIC یا پاسپورٹ لائیں۔ پراکسی ہونے کی صورت میں اپنے CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی لف کریں۔کارپوریٹ ممبر کی صورت میں Nominee کا بورڈ آف ڈائریکٹرز ریزولیشن یا پاور آف اٹارنی معہ Specimen Signature اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوگا۔

5۔ CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کا 26 جنوری، 2000 کو جاری کردہ سرکلر 1 میں درج ہدایات پر عمل درآمد کرنا ہوگا۔

**الف۔اجلاس میں شرکت کے لیے:**

**1۔افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور یا وہ فرد جن کی سیکورٹیز، گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد و ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کیے ہیں، انہیں اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ پیش کر کے اپنی شناخت ثابت کرنا ہوگی۔**

**2۔کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد یا پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ شخص کے دستخط کے نمونے اجلاس میں شرکت کے وقت پیش کیے جائیں (اگر وہ پہلے پیش نہ کیے گئے ہوں)۔**

**ب۔پراکسیز کے تقرر کے لیے:**

**1۔افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر یا وہ فرد جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کے ریگولیشن کے مطابق اپ لوڈ کیے ہیں انہیں درج بالا ضابطے کے مطابق پراکسی فارم جمع کرانے ہوں گے۔**

**2۔پراکسی فارم کی توثیق دو افراد کی جانب سے ہونی چاہیے جن کے نام، پتے اور CNIC نمبر فارم پر درج ہوں۔**

**3۔بینیفیشل اونرز اور پراکسی کے CNIC کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ پیش کرنا ہوں گی۔**

**4۔اجلاس کے وقت پراکسی کو اپنا اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔**

**5۔کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد یا پاور آف اٹارنی مع نمونہ دستخط پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی میں جمع کرائے جائیں (اگر پہلے جمع نہ کرائے گئے ہوں)۔**

Scanned by CamScanner